نیسلے پاکستان نے پیپر سٹرا متعارف کرا دیئے،
اس اقدام سے 400 ملین سے زائد پلاسٹک سٹرا کا خاتمہ ہوگا

2 جون 2021: نیسلے پاکستان (ready to drink-RTD) پیکس کی اپنی تمام اقسام میں پیپر سٹرا متعارف کروانے والی پاکستان کی پہلا کمپنی بن گئی ہے۔واضح رہے کہ اس اقدام سے 400 ملین سے زائد پلاسٹک سٹرا کا خاتمہ ہوگا جو نیسلے پاکستان کے سسٹینیبلیٹی ٹرانسفارمیشن کے سفر میں ایک اہم کامیابی ہے۔

یہ اقدام کمپنی کے اپنے 100 فیصد پیکجنگ کو 2025 تک ری سائیکل اور دوبارہ استعمال کے قابل بنانے کے عالمی عہد کے مطابق ہے۔نیسلے پاکستان کے برانڈز MILO ،NESVITA، NESFRUTA،FRUITAVITALS اور NESCAFE کی آر ٹی ڈی مصنوعات اب فاریسٹ سٹیورڈ شپ کونسل (FSC) کے تصدیق شدہ پیپر سے تیار کردہ پیپر سٹرا کے ساتھ مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔

ثامر شدید، چیف ایگزیکٹو آفیسر، نیسلے پاکستان نے کہا ''ہم نے تیار مشروبات کی تمام مصنوعات میں پیپر سٹرا متعارف کرائے ہیں جنہیں انتہائی ذمہ داری کے ساتھ حاصل کیا گیا ہے جو معیار کی سخت شرائط پر پورا اترنے کے ساتھ ساتھ پینے کیلئے محفوظ ہیں۔''

نیسلے کے پائیدار پیکیجنگ ٹرانسفارمیشن کے عالمی سفر پر روشنی ڈالتے ہوئے ثامر شدید نے کہا ''ہمارا وژن ہے کہ ہماری پیکجنگ ویسٹ کو زمین، سمندروں، جھیلوں اور دریاؤں میں ٹھکانے نہیں لگایا جائے۔اس مقصد کے حصول کیلئے ہم نے 2025 تک پلاسٹک پیکیجنگ کو 100 فیصد دوبارہ قابل استعمال بنانے یا ری سائیکل کرنے کا عزم کر رکھا ہے اور پیپر سٹرا کی طرف منتقلی اس سمت میں ایک بڑا اقدام ہے۔

ثامر شدید کا کہنا تھا کہ بہت سارے لوگ پلاسٹک سٹرا استعمال کرتے ہیں اس لئے پیپر سٹرا کی طرف منتقلی سے صارفین جو مختلف تجربے کا سامنا کرنا پڑے گا۔''ہم پاکستان بھر میں نیسلے کے لاکھوں قابل اعتماد صارفین کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اس تبدیلی کو قبول کرتے ہوئے مزید پائیدار مستقبل کے سفر میں ہمارا ساتھ دیں۔''

پلاسٹک پیکجنگ کے چیلنجز اور اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے ثامر شدید نے واضح کیا کہ ''پلاسٹک پیکیجنگ صارفین تک اعلیٰ معیار کی خوراک اور مشروبات کی محفوظ انداز میں فراہمی اور خوراک کے ضیاع کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اس لئے ہمیں تبدیلی لانے سے قبل متبادل کے بارے میں محتاط انداز میں غور کرنا ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ ''ہمیں یقین ہے کہ صحیح سوچ کے ساتھ پلاسٹک کو اکٹھا کرنا اور اس کی ری سائیکلنگ ماحول پر مضر اثرات مرتب کئے بغیر ممکن ہے۔''

نیسلے پاکستان نے 2020 میں ضلعی کونسل ہنزہ اور گلگت بلتستان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے تعاون سے کلین ہنزہ پراجیکٹ کا آغاز کیا تھا۔اب تک ہنزہ کو ویسٹ فری بنانے کیلئے اس پراجیکٹ کے تحت 2021 میں 200 ٹن جبکہ 2025 تک 1000 ٹن پیکیجنگ کے کچرے کے انتظام و انصرام پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔نیسلے پاکستان نے TREK پروگرام کے تحت شمالی علاقہ جات کو ویسٹ فری کرنے اور خطے میں ذمہ دار سیاحت کے فروغ کیلئے عالمی بینک اور حکومت خیبر پختونخوا کے ساتھ شراکت داری بھی قائم کی ہے۔

نیسلے پاکستان کور (CoRe) الائنس کے بانی اراکین میں سے ہے جو پاکستان کا پہلا پیکیجنگ اتحاد ہے جسے کچرے کو سرکلر انداز میں اکٹھا کرنا اور اسے ری سائیکل کر کے پیکیجنگ کے کچرے کے خاتمے کے مشن کے تحت قائم کیا گیا ہے۔

نیسلے کے بارے میں:
نیسلے خوراک اور مشروبات تیار کرنے والی دنیا کی سب سے بڑی کمپنی ہے جو دنیا کے 191 ممالک میں فعال ہے۔نیسلے کے 3 لاکھ 28 ہزار ملازمین لوگوں کے معیار زندگی کو بڑھانے اور صحت مند مستقبل کے لئے کردار ادا کرنے کے نیسلے کے مقصد کیلئے پرعزم ہے۔

مزید معلومات کے لئے: محمد راحت حسین۔نیسلے پاکستان
ای میل: MuhammadRahat.Hussain@pk.nestle.com